ہدایات :
۱) ہر جواب سے پہلے متعلقہ سوال ضرور لکھیں۔
۲) ہر جواب نئے صفحے سے شروع کریں۔

سوال نمبر ۱۔ اردو نظم نگاری کی عام اور ہندوستانی ہئیتوں پر نوٹ لکھیے۔ (20)

یا

اردو نظم کی بین الاقوامی ہئیتوں پر تفصیلی گفتگو کیجیے۔

سوال نمبر ۲۔ شمالی ہند میں اردو نظم نگاری کے نقوش پر روشنی ڈالتے ہوئے نظیر اکبر آبادی کی نظم نگاری پر نوٹ لکھیے۔ (20)

یا

اردو نظم نگاری میں انجمن پنجاب کے کردار پر روشنی ڈالیے۔

سوال نمبر ۳۔ علامہ اقبال کے فلسفیانہ تصورات کے بنیادی عناصر کو مثالوں سے واضح کیجیے۔ (20)

یا

علامہ اقبال کے عہد پر روشنی ڈالتے ہوئے ان کے تعلیمی سفر پر نوٹ لکھیے۔

سوال نمبر ۴۔ اختر شیرانی کی حیات اور شخصیت پر مفصل نوٹ لکھیے۔ (20)

یا

اختر شیرانی کے عہد کو اپنے الفاظ میں قلمبند کیجیے۔

سوال نمبر ۵۔ درج ذیل میں سے کوئی چار سوالات کے مختصر جوابات لکھیے۔ (20)

۱۔ علامہ اقبال کی شاعری کے دوسرے دور کی شاعری کی خصوصیت بیان کیجیے۔
۲۔ نظم کی ادبی و اصطلاحی تعریف بیان کیجیے۔
۳۔ نظم چاند اور تارے میں چاند نے تاروں کے سوال کا کیا جواب دیا؟
۴۔ نظم اے عشق کہیں لے چل میں اختر شیرانی رہبر عشق سے کس طرح التجا کرتے ہیں؟
۵۔ اردو نظم کی عام ہئیتوں کا تعارف پیش کیجیے۔
۶۔ علامہ اقبال کی ابتدائی تعلیم کس طرح ہوئی؟

☆☆☆

X0279Y9A5878X0279Y9A5878X0279Y9A5878X0279Y9A5878